Maulana Azad National Urdu University
Ph.D. Economics Course Work Examination, November/December 2024

PHCC104CCT: Research and Publication Ethics (RPE)

Time: 2 Hours **Total Marks: 35**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم - ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے- تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے-

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہوں پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں- ہر سوال کا جواب لازمی ہے- ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے-(5x1=05 marks)
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں- ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو- ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں-(5x4=20 marks)
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی ایک سوال کا جواب دینا ہے- ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل ہو- سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں-(1x10=10)

حصہ اول

1. سوال

I. اخلاقی تصانیف میں، اصطلاح "مفادات کا تصادم (Conflict of Interest)" کے کیا معنی ہیں؟

a) متعصبانہ (biased) نقطہ نظر کے ساتھ لکھنا

b) ایک مقالے میں متعدد مصنفین کو شامل کرنا

c) ایک ایسا منظر نامہ جہاں ذاتی مفادات ادبی انصاف (Academic fairness) سے سمجھوتہ کر سکتے ہیں۔

d) مندرجہ بالا سبھی

II. مندرجہ ذیل میں سے کون سا عمل علمی تصانیف میں اخلاقی طریقوں (Ethical Practices) کی خلاف ورزی کی نمائندگی کرتا ہے؟

a) تمام ماخذات (Sources) کا صحیح حوالہ دینا

b) ہم رتبہ ساتھیوں (peers) کے ساتھ مل کر کام کرنا

c) ادبی سرقہ (Plagiarism) کرنا

d) ان میں سے کوئی نہیں

III. علمی تصانیف(Academic Writing)میں درست حوالہ(Accurate citation) کیوں ضروری ہے؟

a) مقالے کو طویل کرنے کے لیے

b) اصل مصنفین کو کریڈٹ دینے اور ادبی سرقہ سے بچنے کے لیے

c) ضرورت سے زیادہ معلومات دے کر قاری(Reader) کو الجھانے کے لیے

d) مندرجہ بالا سبھی

IV. علمی تصانیف(Academic Writing)میں اخلاقی معیارات(Ethical Standard) کو برقرار رکھنے کا مقصد کیا ہے؟

a) الفاظ کی مجموعی تعداد بڑھانے کے لیے

b) ایمانداری (Honesty)اور ادبی سالمیت(Academic Integrity) کو برقرار رکھنے کے لیے

c) ادبی سرقہ (Plagiarism)کو روکنے کے لیے

d) مندرجہ بالا سبھی

V. درج ذیل میں سے کون سا رویہ علمی تصانیف(Academic Writing)میں اخلاقی طریقوں(Ethical Practices) سے مطابقت رکھتا ہے؟

a) جعلی اعداد و شمار تیار کرنا

b) معاوضہ دے کر دوسروں سے تحریر لکھوانا

c) تحقیق میں تعاون کرنے والے تمام افراد کا اعتراف کرنا

d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. علمی تصانیف میں اخلاقی معیارات(Ethical Practices) کو یقینی بنانے میں ہم رتبہ ساتھیوں سے جائزہ لینے(Peer review) کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

3. واضح کیجیے کہ، Human Participation پر مشتمل تحقیق میں باخبر رضامندی(informed consent) کیوں ضروری ہے؟

4. محققین کے رویے کی رہنمائی میں تحقیقی اخلاقیات(Research Ethics) کے کردار کی وضاحت کرتے ہوئے اخلاقی اصولوں اور ان کے اطلاق کی مثالیں شامل کیجیے۔

5. ادبی سرقہ (Plagiarism) کی تعریف کرتے ہوئے بیان کریں کہ اسے ادبی اخلاقیات(Academic Ethics) کی خلاف ورزی کیوں سمجھا جاتا ہے؟

6. تحقیق میں مفادات کا تصادم(Conflict of Interest) سے متعلق اخلاقی خدشات پر تبادلئہ خیال کریں اور ان کو کم کرنے کے طریقے تجویز کریں۔

7. محققین اپنے کام میں علمی سالمیت(Academic integrity)کو بر قرار رکھنے کے لیے کیا کیا اقدامات کر سکتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

8. علمی کام(Academic work) کی سالمیت(integrity) پر ادبی سرقہ(Plagiarism) کے نتائج کا جائزہ لیں اور اسے موثر طریقے سے روکنے کے لیے حکمت عملی(Strategies) تجویز کیجیے۔

9. علمی شعبے(Academic discipline) پر ادبی سرقے کے طویل مدتی اثرات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. تحقیق میں رازداری(Confidentiality) کو برقرار رکھنے کی اخلاقی اہمیت پر تبادلہ خیال کریں۔ حساس اعدادوشمار(Sensitive data) کو لے کر محققین کو شرکاء کی حفاظت کس طریقے سے کرنی چاہیے؟ بیان کیجیے۔

11. اخلاقی تحقیقی(Ethical Research) طریقوں میں باخبر رضامندی(Informed consent) کے کردار، خاص طور پر انسانی شرکاء پر مشتمل مطالعات کا تجزیہ کریں، اور اسے صحیح طریقے سے دستاویز کرنے کو یقینی بنانے کے طریقوں کو بھی بیان کیجیے۔